# اتوار 11 جنوری، 2026

## مضمون۔ساکرامنٹ

**سنہری متن: عبرانیوں 4 باب 14 آیت**

---

’’پس جب ہمارا ایک ایسا بڑا سردار کاہن ہے جو آسمانوں سے گزر گیا یعنی خدا کا بیٹا یسوع تو آؤ ہم اپنے اقرار پر قائم رہیں۔‘‘

---

**جوابی مطالعہ: عبرانیوں 5 باب 1، 2، 5 تا 9 آیات**

1۔ کیونکہ ہر سردار کاہن آدمیوں میں سے منتخب ہو کر آدمیوں ہی کے لئے اُن باتوں کے واسطے مقرر کیا جاتا ہے جو خدا سے علاقہ رکھتی ہیں تاکہ نذریں اور گناہوں کی قربانیاں گزرانے۔

2۔اور وہ نادانوں اور گمراہوں سے نرمی کے ساتھ پیش آنے کے قابل ہوتا ہے اس لئے کہ وہ خود بھی کمزوری میں مبتلا رہتا ہے۔

5۔اسی طرح مسیح نے بھی سردار کاہن ہونے کی بزرگی اپنے تیئں نہیں دی بلکہ اسی نے دی جس نے اُس سے کہا تھا کہ تو میرا بیٹا ہے۔ آج تو مجھ سے پیدا ہوا۔

6۔ چنانچہ وہ دوسرے مقام پر بھی کہتا ہے کہ تو ملکِ صدق کا ابد تک کاہن ہے۔

7۔اُس نے اپنی بشریت کے دنوں میں زور زور سے پکار کر اور آنسو بہا بہا کر اُسی سے دعائیں اور التجائیں کیں جو اُس کو موت سے بچا سکتا تھا اور خدا ترسی کے سبب سے اُس کی سنی گئی۔

---

بائبل کا یہ سبق پلیین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ’’سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ‘‘ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

8۔اور باوجود بیٹا ہونے کے اُس نے دُکھ اُٹھا اُٹھا کر فرمانبرداری سیکھی۔

9۔اور کامل بن کر اپنے سب فرمانبرداروں کے لئے ابدی نجات کا باعث ہوا۔

## درسی وعظ

# بائبل میں سے

### 1۔ استثنا 11باب13تا21آیات

13۔اور اگر تم میرے حکموں کو جو آج میں تم کو دیتا ہوں اور اپنے سارے دل اور اپنی ساری جان سے اُس کی بندگی کرو۔

14۔تو میں تمہارے ملک میں عین وقت پر پہلا اور پچھلا مینہ برساؤں گا تاکہ تُو اپنا غلہ اور مے اور تیل جمع کر سکے۔

15۔اور میں تیرے چوپایوں کے لئے میدان میں گھاس پیدا کروں گا اور تُو کھائے گا اور سیر ہو گا۔

16۔سو تُو خبردار رہنا تا ایسا نہ ہو کہ تمہارے دل دھوکہ کھائیں اور تم بہک کر اور معبودوں کی عبادت اور پرستش کرنے لگو۔

17۔اور خداوند کا غضب تم پر بھڑکے اور وہ آسمان کو بند کر دے تاکہ مینہ نہ برسے اور زمین پر کچھ پیداوار نہ ہو اور تم اِس اچھے ملک سے جو خداوند تم کو دیتا ہے فنا ہو جاؤ۔

18۔اِس لئے میری اِن باتوں کو تم اپنے دل اور اپنی جان میں محفوظ رکھنا اور نشان کے طور پر اِس کو اپنے ہاتھوں پر باندھنا اور وہ تمہاری پیشانی پر ٹیکوں کی مانند ہوں۔

---

*بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔*

19۔اور تم اِن کو اپنے لڑکوں کو سکھانا اور تو گھر بیٹھے اور راہ چلتے اور اُٹھتے وقت انہی کا ذکر کیا کرنا۔

20۔اور تُو اِن کو اپنے گھر کی چوکھٹوں پر اور اپنے پھاٹکوں پر لکھا کرنا۔

21۔تاکہ جب تک زمین پر آسمان کا سایہ ہے تمہاری اور تمہاری اولاد کی عمر اُس ملک میں دراز ہو جس کو خداوند
نے تمہارے باپ دادا کو دینے کی قسم اُن سے کھائی تھی۔

## 2۔ متی 26 باب 17 تا 19، 26 تا 29 آیات

17۔اور عیدِ فطیر کے پہلے دن شاگردوں نے یسوع کے پاس آکر کہا تُو کہاں چاہتا ہے کہ ہم تیرے لئے فسح
کھانے کی تیاری کریں؟

18۔اُس نے کہا شہر میں فلاں شخص کے پاس جا کر کہنا اُستاد فرماتا ہے کہ میرا وقت نزدیک ہے۔ میں اپنے
شاگردوں کے ساتھ تیرے ہاں عید فسح کروں گا۔

19۔اور جیسا یسوع نے شاگردوں کو حکم دیا تھا اُنہوں نے ویسا ہی کیا اور فسح تیار کیا۔

26 جب وہ کھا رہے تھے تو یسوع نے روٹی لی اور برکت دے کر توڑی اور شاگردوں کو دے کر کہا لو کھاؤ۔ یہ میرا
بدن ہے۔

27۔پھر پیالہ لے کر شکر کیا اور اُن سے کہا تم سب اِس میں سے پیو۔

28۔کیونکہ یہ میرا وہ عہد کا خون ہے جو بہتیروں کے لئے گناہوں کی معافی کے واسطے بہایا جاتا ہے۔

29۔میں تم سے کہتا ہوں کہ انگور کا یہ شیرہ پھر کبھی نہ پیوں گا۔ اُس دن تک کہ تمہارے ساتھ اپنے باپ کی
بادشاہت میں نیا نہ پیوں۔

بائبل کا یہ سبق پلیین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، "سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ" میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 3۔ متی 28 باب 19، 20 آیات

19۔ پس تم جا کر سب قوموں کو شاگرد بناؤ اور اُن کو باپ اور بیٹے اور روح القدس کے نام سے بپتسمہ دو۔

20۔ اور اُن کو یہ تعلیم دو کہ اُن سب باتوں پر عمل کریں جن کا میں نے تم کو حکم دیا اور دیکھو میں دنیا کے آخر تک ہمیشہ تمہارے ساتھ ہوں۔

## 4۔ اعمال 5 باب 12، 14 تا 23، 25 تا 32 آیات

12۔ اور رسولوں کے ہاتھوں سے بہت سے نشان اور عجیب کام لوگوں میں ظاہر ہوتے تھے۔ اور وہ سب ایک دل ہو کر سلیمان کے برآمدہ میں جمع ہوا کرتے تھے۔

14۔ اور ایمان لانے والے مرد اور عورت خداوند کی کلیسیا میں اور بھی کثرت سے آ ملے۔

15۔ یہاں تک کہ لوگ بیماروں کو سڑکوں پر لا لا کر اور کھٹولوں پر لیٹا دیتے تھے تاکہ جب پطرس آئے تو اُس کا سایہ ہی اُن میں سے کسی ایک پر پڑ جائے۔

16۔ اور یروشلیم کے چاروں طرف کے شہروں سے بھی لوگ بیماروں اور ناپاک روحوں کے ستائے ہوؤں کو لا کر جو کثرت سے جمع ہوتے تھے اور وہ سب اچھے کر دیئے جاتے۔

17۔ پھر سردار کاہن اور اُس کے سب ساتھی جو صدوقیوں کے فرقہ کے تھے حسد کے مارے اُٹھے۔

18۔ اور رسولوں کو پکڑ کر عام حوالات میں رکھ دیا۔

19۔ مگر خداوند کے فرشتہ نے رات کو قید خانہ کے دروازے کھولے اور اُنہیں باہر لا کر کہا کہ۔

20۔ جاؤ ہیکل میں کھڑے ہو کر اِس زندگی کی سب باتیں لوگوں کو سناؤ۔

بائبل کا یہ سبق پلیین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

21۔ وہ یہ سن کر صبح ہوتے ہی ہیکل میں گئے اور تعلیم دینے لگے مگر سردار کاہن اور اُس کے ساتھیوں نے آکر صدرِ عدالت والوں اور بنی اسرائیل کے سب بزرگوں کو جمع کیا اور قید خانہ میں کہلا بھیجا کہ اُنہیں لائیں۔

22۔ لیکن پیادوں نے پہنچ کر اُنہیں قید خانہ میں نہ پایا اور لوٹ کر خبر دی۔

23۔ کہ ہم نے قید خانہ کو تو بڑی حفاظت سے بند کیا ہوا تھا اور پہرے والوں کو دروازے پر کھڑے پایا مگر جب کھولا تو اندر کوئی نہ ملا۔

25۔ اِتنے میں کسی نے آکر اُنہیں خبر دی کہ دیکھو۔ وہ آدمی جنہیں تم نے قید کیا تھا ہیکل میں کھڑے لوگوں کو تعلیم دے رہے ہیں۔

26۔ تب سردار پیادوں کے ساتھ جا کر اُنہیں لے آیا لیکن زبردستی نہیں کیونکہ وہ لوگوں سے ڈرتے تھے کہ ہم کو سنگسار نہ کریں۔

27۔ پھر اُنہیں لا کر عدالت میں کھڑا کر دیا اور سردار کاہن نے اُن سے یہ کہا۔

28۔ کہ ہم نے تمہیں سخت تاکید کی تھی کہ یہ نام لے کر تعلیم نہ دینا مگر دیکھو تم نے تمام یروشلیم میں اپنی تعلیم پھیلا دی اور اُس شخص کا خون ہماری گردن پر رکھنا چاہتے ہو۔

29۔ پطرس اور رسولوں نے جواب میں کہا کہ ہمیں آدمیوں کے حکم کی نسبت خدا کا حکم ماننا زیادہ فرض ہے۔

30۔ ہمارے باپ دادا کے خدا نے یسوع کو جلایا جسے تم نے صلیب پر لٹکا کر مار ڈالا تھا۔

31۔ اُسی کو خدا نے مالک اور منجی ٹھہرا کر اپنے دہنے ہاتھ سے سربلند کیا تاکہ اسرائیل کو توبہ کی توفیق اور گناہوں کی معافی بخشے۔

32۔ اور ہم ان باتوں کے گواہ ہیں اور روح القدس بھی جسے خدا نے انہیں بخشا ہے جو اُس کا حکم مانتے ہیں۔

## 5۔ رومیوں 6 باب 16 تا 18 آیات

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

16۔ کیا تم نہیں جانتے کہ جس کی فرمانبرداری کے لئے اپنے آپ کو غلاموں کی طرح حوالے کر دیتے ہو اُسی کے غلام ہو جس کے فرمانبردار ہو خواہ گناہ کے جس کا انجام موت ہے خواہ فرمانبرداری کے جس کا انجام راستبازی ہے۔

17۔ لیکن خدا کا شکر ہے کہ اگرچہ تم گناہ کے غلام تھے تو بھی دل سے اُس تعلیم کے فرمانبردار ہو گئے جس کے سانچے میں تم ڈھالے گئے تھے۔

18۔ اور گناہ سے آزاد ہو کر راستبازی کے غلام ہو گئے۔

## سائنس اور صحت

### 1۔ 183:21۔25

الٰہی عقل بجا طور پر انسان کی مکمل فرمانبرداری، پیار اور طاقت کا مطالبہ کرتی ہے۔ اس سے کم وفاداری کے لئے کوئی تحفظات نہیں رکھے جاتے۔ سچائی کی تابعداری انسان کو قوت اور طاقت فراہم کرتی ہے۔ غلطی کو سپردگی طاقت کی کمی کو بڑھا دیتی ہے۔

### 2۔ 4:3۔6، 27۔30

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

صبر، حلیمی، محبت اور نیک کاموں میں ظاہر ہونے والے فضل میں ترقی کرنے کی پُر جوش خواہش کے لئے ہمیں سب سے زیادہ دعا کرنے کی ضرورت ہے۔ اپنے استاد کے حکموں پر عمل کرنا اور اُس کے نمونے کی پیروی کرنا ہم پر اُس کا مناسب قرض ہے اور جو کچھ اُس نے کیا ہے اُس کی شکر گزاری کا واحد موزوں ثبوت ہے۔ باوفا اور دلی شکر گزاری کو ظاہر کرنے کے لئے بیرونی عبادت خود میں ہی کافی نہیں ہے، کیونکہ اُس نے کہا، ”اگر تم مجھ سے محبت کرتے ہو تو میرے حکموں پر عمل کرو۔“

ہمیشہ اچھے بنے رہنے کی عادتاً جدوجہد دائمی دعا ہے۔ اس کے مقاصد اُن برکات سے ظاہر ہوتے ہیں جو یہ لاتی ہے، وہ برکات جنہیں اگرنا قابل سماعت الفاظ میں بھی نہ سُنا جائے، محبت کے ساتھ حصہ دار بننے کے لئے ہماری قابلیت کی تصدیق کرتی ہیں۔

قابل سماعت دعا کبھی بھی روحانی فہم کے کام نہیں کر سکتی، جو نئے سرے سے پیدا ہوتی ہے؛ بلکہ خاموش دعا، چوکسی اور دیندار اطاعت ہمیں یسوع کے نمونے کی پیروی کرنے کے قابل بناتی ہے۔

## 3۔ 3:32-27

قدیم روم میں ایک سپاہی کے لئے اپنے جرنل کے ساتھ وفاداری کا عہد باندھنا ضروری ہوتا تھا۔ اِس عہد کے لئے لاطینی لفظ ساکرامینٹم تھا، اور ہمارا انگریزی لفظ ساکرامنٹ اِسی سے اخذ کیا گیا ہے۔ یہودیوں میں یہ قدیم روایت تھی کہ دعوت کا مالک ہر کسی کو مے کا پیالہ دیا کرتا تھا۔ مگر یوخرست کسی رومی سپاہی کے حلف کی یادگاری نہیں تھا اور نہ ہی مے تھی، جو اجتماعی مواقعوں میں اور یہودی رسوم میں استعمال ہوتی تھی، یعنی ہمارے خداوند کا پیالہ تھی۔ پیالہ اُس کے تلخ تجربے کو ظاہر کرتا ہے، یعنی وہ پیالہ جس کے لئے اُس نے دعا چاہی کہ وہ اُس سے ٹل جائے، حالانکہ وہ الٰہی فرمان کی پاک سپردگی میں جھک گیا تھا۔

’’جب وہ کھا رہے تھے تو یسوع نے روٹی لی اور برکت دے کر توڑی اور شاگردوں کو دے کر کہا لو کھاؤ۔ یہ میرا بدن ہے۔ پھر پیالہ لے کر شکر کیا اور اُن کو دے کر کہا تم سب اس میں سے پیو۔‘‘

اگر اس ساکرامنٹ کو روٹی اور مے کے استعمال پر محدود کر دیا جائے تو حقیقی جوہر روحانی طور پر ختم ہو جاتا ہے۔ شاگردوں نے روٹی کھالی تھی، تاہم یسوع نے دعا کر کے انہیں روٹی دی۔ ظاہری لحاظ سے یہ شاید احمقانہ ہو، لیکن اس کے روحانی مفہوم میں یہ فطری اور خوبصورت بات تھی۔ یسوع نے دعا کی، اُس نے مزید روشن، مزید روحانی خیالات کے ساتھ اپنے دل کو تازہ دم کرنے کے لئے مادی حواس سے لیا۔

## 4۔ 9:33۔31

مسیحیو! کیا آپ اُس کا پیالہ پی رہے ہیں؟ کیا آپ نے نئے عہد کا خون بانٹا ہے، یعنی وہ ایذائیں جو خدا سے متعلق ایک نئے اور بلند فہم کو پیش کرتی ہیں؟ اگر نہیں تو کیا آپ کہہ سکتے ہیں کہ آپ نے اُس کے پیالے میں یسوع کی یادگاری منائی ہے؟ وہ سب جو یسوع کی یادگاری میں روٹی کھاتے اور مے پیتے ہیں وہ حقیقت میں اُس کے پیالے اور اُس کی صلیب میں سے بانٹنے کی اور اصولِ مسیح کی خاطر سب کچھ چھوڑنے کے لئے رضامند ہیں؟ تو پھر اس الہام کو ایک مردہ رسم کے ساتھ کیوں منسوب کیا جاتا ہے بجائے غلطی کو دور کرتے ہوئے اور بدن کو ’’پاک اور خدا کے لئے قابل قبول‘‘ بناتے ہوئے، یہ دکھایا جائے سچائی کا فہم فراہم ہوا ہے؟ اگر مسیح، سچائی اظہار میں ہمارے پاس آیا، تو کسی دوسری یادگاری کی ضرورت نہیں، کیونکہ اظہار اعمانوئیل یا خدا ہمارے ساتھ ہے؛ اور اگر کوئی دوسرا ہمارے ساتھ ہے تو اُس کی یادگاری منانے کی کیا ضرورت ہے؟

## 5۔ 35:18۔28

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ’’سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ‘‘ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

سبھی شاگردوں کے تجربات کے وسیلہ وہ مزید روحانی بنے اور اُسے بہتر طور پر سمجھے جو مالک نے انہیں سکھایا تھا۔ اُس کا جی اٹھنا اُن کا جی اٹھنا بھی تھا۔ اس نے اُن کی اور دیگر لوگوں کی روحانی بے حسی اور لا متناہی امکانات کے خیالات میں خدا پر اندھے توکل سے بیدار کیا۔ انہیں اس ارتکاز کی ضرورت تھی کیونکہ جلد ہی اُن کا مالک حقیقت کے روحانی دائرے میں دوبارہ جی اٹھنے، اور اُن کے تصور سے کہیں اونچا اٹھایا جانے والا ہوگا۔ اُس کی وفاداری کے اجر میں، وہ مادی حس کے لئے اِس تبدیلی میں غائب ہو جائے گا جسے معراج کہا جاتا رہا ہے۔

## 6۔ 19:35 (ہمارا بپتسمہ)۔29

ہمارا بپتسمہ ساری غلطی سے ہماری پاکیزگی ہے۔ ہماری کلیسیا الٰہی اصول، محبت پر قائم ہے۔ ہم اِس کلیسیا میں صرف روح میں نو مولود ہوتے ہوئے متحد ہو سکتے ہیں، جب ہم محبت کے پھل لاتے ہوئے، غلطی کو نکالتے ہوئے اور بیماروں کو شفا دیتے ہوئے اُس زندگی تک پہنچتے ہیں جو سچائی ہے اور اُس سچائی تک پہنچتے ہیں جو زندگی ہے۔ ہمارا یوخرست ایک خدا کے ساتھ روحانی شراکت ہے۔ ہماری روٹی "جو آسمان سے اترتی ہے،" سچائی ہے۔ ہمارا پیالہ صلیب ہے۔ ہماری مے، یعنی وہ مے جو ہماری مالک نے پی اور اپنے پیروکاروں کو بھی اِس کا حکم دیا، محبت کا الہام ہے۔

## 7۔ 16:37۔31

یسوع کا اقرار کرنے والے اُس کے پیروکار اُس کی راہوں کی پیروی کرنا اور اُس کے بڑے کاموں کی نقل کرنا کب سیکھیں گے؟ وہ لوگ جنہوں نے اُس راستباز شخص کی شہادت حاصل کی وہ خوش دلی سے اُس کے پاک مستقبل کو ایک مسخ شدہ نظریاتی مقام میں تبدیل کر دیں گے۔ خدا کرے کہ آج کے مسیحی اِس چال چلن کی مزید عملی اہمیت

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، "سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ" میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

کو قبول کریں! یہ ممکن ہے، ہاں یہ ہر بچے، مرد اور عورت کی ذمہ داری اور استحقاق ہے کہ وہ زندگی اور سچائی، صحت اور پاکیزگی کے اظہار کے وسیلہ مالک کے نمونے کی کسی حد تک پیروی کریں۔ مسیحی لوگ اُس کے پیروکار ہونے کا دعویٰ تو کرتے ہیں مگر کیا وہ اُس کی پیروی اُسی طرح کرتے ہیں جیسے اُس نے حکم دیا ہے؟ اِن ناگزیر احکامات کو سنیں: ”پس چاہیئے کہ تم کامل ہو جیسا تمہارا آسمانی باپ کامل ہے!“ ”تم تمام دنیا میں جا کر ساری خلق کے سامنے انجیل کی منادی کرو!“ ”بیمار کو شفا دو!“

## 8۔ 17-54:15

اُس کے الٰہی اختیار کی گواہی میں، اُس نے یہ ثبوت فراہم کیا کہ زندگی، سچائی اور محبت بیماری اور گناہگار کو شفا دیتے ہیں اور عقل کے وسیلہ نہ کہ مادے کے وسیلہ موت پر فتح پاتے ہیں۔ الٰہی محبت کا یہ سب سے بلند ترین ثبوت تھا جو وہ پیش کر سکتا تھا۔

## 9۔ 26-55:15

سچائی کا لافانی نظریہ، اپنے پروں تلے بیماروں اور گناہگاروں کو یکجا کرتے ہوئے، صدیوں کا احاطہ کر رہا ہے۔ میری خستہ حال امید اُس خوشی کے دن کا احساس دلانے کی کوشش کرتی ہے، جب انسان مسیح کی سائنس کو سمجھے گا اور اپنے پڑوسی سے اپنی مانند محبت رکھے گا، جب وہ یہ جانے گا کہ خدا قادرِ مطلق ہے اور جو کچھ اُس نے انسان کے لئے کیا ہے اور کر رہا ہے اُس میں الٰہی محبت کی شفائیہ طاقت کو جانے گا۔ وعدے پورے کئے جائیں گے۔ الٰہی شفا کے دوبارہ ظاہر ہونے کا وقت ہمہ وقت ہوتا ہے؛ اور جو کوئی بھی اپنا زمینی سب کچھ الٰہی سائنس کی الطار پر رکھتا ہے، وہ اب مسیح کے پیالے میں سے پیتا ہے، اور وہ روح اور مسیحی شفا کی طاقت سے ملبوس ہوتا ہے۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

# روزمرہ کے فرائض

منجاب میری بیکر ایڈی

## روزمرہ کی دعا

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ ہر روز یہ دعا کرے: ”تیری بادشاہی آئے؛“ الٰہی حق، زندگی اور محبت کی سلطنت مجھ میں قائم ہو، اور سب گناہ مجھ سے خارج ہو جائیں؛ اور تیرا کلام سب انسانوں کی محبت کو وافر کرے، اور اُن پر حکومت کرے۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 4۔*

## مقاصد اور اعمال کا ایک اصول

نہ کوئی مخالفت نہ ہی کوئی محض ذاتی وابستگی مادری چرچ کے کسی رکن کے مقاصد یا اعمال پر اثر انداز ہونے چاہئیں۔ سائنس میں، صرف الٰہی محبت حکومت کرتی ہے، اور ایک مسیحی سائنسدان گناہ کو رد کرنے سے، حقیقی بھائی چارے، خیرات پسندی اور معافی سے محبت کی شیریں آسائشوں کی عکاسی کرتا ہے۔ اس چرچ کے تمام اراکین کو سب گناہوں سے، غلط قسم کی پیشن گوئیوں، منصفیوں، مذمتوں، اصلاحوں، غلط تاثرات کو لینے اور غلط متاثر ہونے سے آزاد رہنے کے لئے روزانہ خیال رکھنا چاہئے اور دعا کرنی چاہئے۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 1۔*

## فرض کے لئے چوکسی

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ وہ ہر روز جارحانہ ذہنی آراء کے خلاف خود کو تیار رکھے، اور خدا اور اپنے قائد اور انسانوں کے لئے اپنے فرائض کو نہ کبھی بھولے اور نہ کبھی نظر انداز کرے۔ اس کے کاموں کے باعث اس کا انصاف ہو گا، وہ بے قصور یا قصوار ہو گا۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 6۔*

بائبل کا یہ سبق پلیین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، "سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ" میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔